REGISTERED

L. No. [illegible]

نور افشاں

حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آکے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے

نمبر ۴۲ | ہر ہفتہ بروز جمعہ لودیانہ سے شائع ہوتا ہے | ۱۵ اکتوبر [illegible] | جلد ۲

خاص نور افشاں کے پڑھنیوالوں کیلئے

انعام! انعام!!

جو نور افشاں کا خریدار ایک نئے خریدار کا نام [illegible] ایک سال کی قیمت [illegible] کے بھیجے [illegible] کتابوں میں سے [illegible] انعام کے [illegible]

[illegible] دو روپیہ

[illegible] اسلام [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible]

[illegible] نور افشاں [illegible]

سنڈے اسکول کے پرچے

[illegible] سنڈے سکول [illegible]

۱۔ سبق معہ تشریح

[illegible] سال کے [illegible] ایک [illegible]

روپیہ [illegible]

ایک روپیہ [illegible]

۲۔ تصویر دار پرچے

[illegible] سال [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سی-ایل-ایس کی کتابوں کے واسطے

پادری ڈی-ایم-[illegible] صاحب کو درخواست کی جاوے۔

فہرست مفت بھیجی جاتی ہے۔

ہم کتب فروشوں کے ساتھ بندوبست کرنا چاہتے ہیں۔

جو صاحبان پانچ روپیہ یا زیادہ کی کتابیں منگواتے ہیں تو ان کو ۲۵ سے [illegible] روپیہ فی صدی ڈسکونٹ کتب فروشوں کو دیا جاویگا۔

مفید کتابیں بڑے دن کے مطالعے کے واسطے

خاندانی فرائض

یہہ کتاب ابھی شایع ہوئی ہے صفحہ ۱۲۱
قیمت ۴؍ معہ محصول ڈاک ۵؍ ہر صاحب
خانہ پاسبان اور کارندے کے لئے
تحفہ ہے۔ مجلد سنہری ۱۲؍ +

سمپر دائے

اہل ہند کے مختلف ریت ورسوم کی
تشخیص نہایت دلچسپ کتاب صفحہ ۳۰۰
قیمت ۸؍ معہ محصول ڈاک ۷؍ مجلد ۱۰؍

مسیح کی تعلیم

مسیحی کارندوں کیلئے یہہ کتاب ایک سونے
کی کان ہے ڈاکٹر ارمس نے تمام مسیحیوں کو
اس کتاب کے وسیلے سے ممنون فرمایا ہے اردو
رومن حروف میں قیمت اردو ۴ ؍ اور ۸ ؍ اور
۱۲؍ محصول ۱؍ فی جلد زیادہ ۸

گنجینہ اسلام رومن اردو فی
جلد ۸؍ معہ محصول ۱۰؍
موازنہ مذاہب اردو فی جلد
۸؍ معہ محصول ۱۰؍
ستھیار تھ پرکاش درپن اردو
فی جلد ۸؍ معہ محصول ۱۰؍

شبد و غزلیں

اردو حروف فی جلد ۹ پائی
ہندی حروف فی جلد ۶ پائی
گورکمی حروف فی جلد ۹ پائی

ایک آنہ کتابیں

مرزا غلام احمد قادیانی
شادی کی بابت
ازالتہ المرزا قادیانی

یسوع مسیح کون تھا؟
بائبل اور سائینس
اصلاح حفظان صحت
افلاس ہند کے قابل علاج اسباب

قصہ جات دلکش

فوز العظیم باتصویر اردو حروف
قیمت ۴؍ مجلد ۶؍
رام پال سنگہ اردو ۴؍ رومن
حروف قیمت ... ۸؍
ہیرے کی سرگذشت قیمت ۴؍
اور ۶؍
عزت بے مثال قیمت ۵؍ اور ۸؍
دولت لازوال قیمت ۵؍ اور ۸؍
حالات جاپان باتصویر ... ۸؍
چندر لیلا اردو ۲؍ اور ۲؍ گورمکھی ۲؍

یہہ کتابیں کرسچن سٹور لودیانہ یا پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور سے بذریعہ وی پی یا نقد قیمت پر ملسکتی ہیں

نور افشان

لودیانہ - جمعہ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

کانٹے بونا

ایک پُرانی مثل ہے کہ جو کانٹے بوتا ہے اُس کو ننگے پاؤں چلنا نہیں چاہئے۔ شاید تم اس کا مطلب سمجھ گئے ہوگے۔ اس کا مطلب صاف یہ ہے کہ جو کانٹے بوتا ہے اُس کے پاؤں میں بھی وہ کانٹے جب کہ وہ تیز ہو جاوینگے تو جب اوروں کو چبھیں گے وہ اُس کو بھی تکلیف دینگے۔ اس کی دوسری صورت یہ ہے کہ وہ جو دوسرے لوگوں کو خواہ ارادتاً یا بے پرواہی سے تکلیف دیتے ہیں وہ ضرور خود بھی تکلیفات میں مبتلا ہونگے۔ بہت قسم کے کانٹے ہیں۔ ایک نادانی کا کانٹا ہے جس کی تیزی وجہ ہوتی ہے بدفہمی - خود غرضی - لاپرواہی - بےصبری - گستاخی - جبر و ظلم - کینہ - بغض وغیرہ وغیرہ یہ سب قسم قسم کے خار دار کانٹے ہیں جو دوسروں کو اذیت کرنے و اسکا نقصان پہونچاتے ہیں۔ کیا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے کہ جس میں مندرجہ بالا نقص ہوں اور وہ دل شاد اور خوش طبیعت ہو۔ اور زندگی کے سفر میں اس کا صاف اور ہموار رستہ اُس کو بلا روک ٹوک چلنے دے ضرور اس کو وہ کانٹے جو اُس نے بوئے ہیں چبھیں گے اور دوسرے لوگوں کو بھی نقصان پہونچاوینگے یاد رہے کہ یہ کانٹے بہت جلدی بڑھتے ہیں جس طرح درختوں اور پھولوں کی حفاظت کی جاتی اور آب پاشی ہوتی ہے - ایسی کوئی بات کہ ان کانٹوں کو ضرورت نہیں ہے صرف ان کو بو دو اور وہ جلد بڑھیں گے۔ ٹھیک اسی طرح سے غلط خیال اور بُرے کام اپنا پھل ضرور دکھلاوینگے چاہیے اُن کی حفاظت کرو یا نہ کرو اور اس قسم کی بدیاں ہمیشہ نقصان پہونچانے کا سبب ہونگی اور ان باتوں کی حقیقت تجربہ کرنے سے ثابت ہوتی ہے۔

اس لئے نہایت ضروری ہے کہ لوگ مفید وہ کام کیا کریں جو نیک کہلانے کے لائق ہیں تو اس کا اثر دوسروں پر بھی نیک ہوگا۔ کیونکہ یہ بات تو صاف ہے کہ بد کام کرنا اپنے آپ پر اور دوسروں پر تکلیف لاتا ہے۔

اس لئے کبھی کانٹے نہ بوؤ۔ اگر ایسا کروگے تو تم بھی کسی طرح سے ان کے نقصان اُٹھانے سے بچ نہ سکوگے دوسروں کو تکلیف پہونچاؤ تو تم کو ضرور تکلیف ہوگی۔ مہربانی - ہمدردی - محبت - فروتنی وغیرہ وغیرہ اچھے اچھے بیج بوؤ تو ان کی عمدہ فصل کاٹوگے۔ جس کا فائدہ نہ صرف تم کو ہوگا بلکہ دوسروں کو بھی اس کا حصہ ملیگا۔ بقول کلام مقدس جیسا ہم بوتے ہیں۔ ویسا کاٹیں گے۔

ہمعصر آریہ گزٹ مطبوعہ ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۰۹ء میں مراسلات کے نیچے ایک پکار کے عنوان سے ایک مضمون حکم سنگھ ساکن سنگوری ضلع جہلم کی قلم سے نکلا ہے جس پر ہمعصر نے اپنے ایڈیٹوریل کالم میں کیلنگ میں جسمانی دشمن" کے عنوان سے مشنری کام کے برخلاف زہر اگلا ہے اور اُن کو مسیحیت کا خونخوار اژدہا بتایا ہے اور مضمون نگار نے بھی اپنی پکار میں روحانی دشمن کو برے ناموں سے پکارا ہے اُن کو "ہندو دھرم کا دشمن" اور "حیا سوز بلیک" اور "جنبیہ" لکھا ہے۔ اس کی نسبت ہم ہمعصر کو اور نامہ نگار کو بتلانا چاہتے ہیں کہ یسوع مسیح نے کہا ہے کہ مبارک ہو تم جب لوگ تمہیں دکھ دیں اور ستاویں اور ہر طرح کی بری باتیں تمہارے حق میں کہیں۔ خوش ہو اور نہایت خوشی کرو کیونکہ تمہارا اجر آسمان پر بڑا ہے۔ متی ۵: ۱۱-۱۲ اور ہم یہ بھی لکھنا چاہتے ہیں کہ مشنری جو کام اس ملک اور دیگر ممالک میں کرتی ہے وہ محض آپ لوگوں کی نجات کی فکر سے ہوا کرتی ہے مشن کا اصلی منشا اور منصوبہ انسان کی روح کی نجات ہے اس کے عوض میں جو لوگ مشن کو برا بھلا کہیں تو یہ ان کی لاعلمی اور کم فہمی پر دال ہے۔ جس کی مشن والے چنداں پرواہ نہیں کرتے بلکہ صبر سے برداشت کرتے ہیں۔ اور صرف لوگوں کی نجات کے فکرمند بنے رہتے ہیں۔

ہمعصر اہلحدیث امرتسر مطبوعہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء میں جنوبی افریقہ میں مسلمانوں کی حالت کے عنوان سے ایک مضمون مولوی احمد مختار صاحب کی طرف سے شائع ہوا ہے جس میں کئی ایک بلاؤں کا ذکر ہے جو وہاں کے مسلمانوں کے پیچھے پڑی ہوئی ہیں اول بلا تو دختر پرستی دوسری بلا سودی ستھکرانہ آپ کے انگریزی تین سے سلطان آپ ہوتے جاتے ہیں۔ تیسری بلا ایک سکھ صاحب جس کو مسلمانوں نے مار پیٹا اور وہ بیچارہ بہت زخموں کے سبب سے بستر پر پڑا رہا اور مرد مسلمان کو کیا رتبہ حاصل ہوا چوتھی بلا ایک پولیٹیکل انجمن بنایا جاتا ہے اور پانچویں بلا پادری صاحبان بتائے گئے جن کی نسبت وہ لکھتا ہے کہ یہاں پادری لوگ علی الاعلان اسلام پر اعتراض کرتے رہتے ہیں۔ کوئی انگریزی دان عالم نہیں کہ ان کو جواب دے کیپ ٹاؤن میں ایک پادری کی پیچ ... اُس میں دیکھا میں نے جواب اسی اخبار کے ذریعہ بھیجا تو بھی اس کی آپیج اخبار میں شائع نہیں ہوئی۔

کاش کہ مجھ کو خدا اور زیادہ انگریزی آتی تو میں اس کی ٹانگ میں پکڑ کر چیلنج کرتا۔

جو بلائیں ہمعصر مسعود کا نامہ نگار بتاتا ہے وہ کیا سب اس بد نصیبی ملک میں موجود نہیں وہ کونسی بات ہے؟ یہاں بھی قبر پرستی اور زنا پرستی ہوتی ہے۔ اور سکھ اور عیسائیوں کے روبرو یہاں بھی مرتکب ہوتے رہتے ہیں۔ اگر منشی ایڈیٹر ہمعصر جنگی دتی ... ذیل کے الفاظ میں

رہا ہے کہ مسلمانوں نے قرآن مجید کا پڑھنا اور اس پر غور کرنا چھوڑ دیا ہے اور درگاہوں کے رسوم میں پڑ گئے ہیں سہ

ڈر ہو کہ کہیں نام ہی مٹ جائے نہ اس کا
مدت سے وہ رہ ہاں میٹ رہا ہے

اس ملک کی گری ہوئی حالت ہے تو یہی حال مسلمانوں کا ہمارے ملک میں ہے بے چارے مسلمان یہاں کہاں کی درستی کریں گے سب جگہ ایک ہی سی حالت ہے جس کا حقیقی حال بند جہاں اخبار ایڈیٹر صاحب سے ظاہر ہے۔

ولایت کا اخبار ڈیلی ہیرلڈ مورخہ ستمبر نسطر ہے کہ سو سال گزرے کہ تمام دنیا میں دس میڈیکل مشنری بھی نہیں تھے ۱۸۰۰ برس گزرے کہ ۵۰ میڈیکل مشنری تمام دنیا میں تھے پر آج آٹھ سو پچاس میڈیکل مشنری صاحبان کام کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر تھامس سب سے پہلا میڈیکل مشنری تھا جو ۱۷۹۳ء میں انگلستان سے ہندوستان میں وارد ہوا اور وہ ولیم کیری صاحب کو ۱۷۹۳ء میں ہمراہ لایا۔ کیری صاحب نے ۱۸۰۰ء میں ڈاکٹر صاحب کے ایک متلاشی کو بپتسمہ دیا۔ جان سکڈر صاحب پہلا مشنری تھا جو ممالک متحدہ امریکہ کی طرف سے بھیجا گیا اور اس نے ہندوستان میں ۱۸۱۹ء سے ۱۸۵۵ء تک خدمت کی اس کے بعد اس کے سات بیٹوں میں سے سب مشنری ہوئے اور اب ان کے پوتے بھی اپنی خدمت بجا لا رہے ہیں۔

۱۸۳۴ء میں ملک چین کو پیٹر پارکر صاحب پہلا میڈیکل مشنری بھیجا گیا۔ اور اس نے بعد ازاں چین کے ملک میں انجیل کے لئے رستہ کھولا اور اس نے اپنے ڈاکٹری تجربے سے ملک کو بہت فائدہ پہنچایا۔

اب ممالک متحدہ امریکہ میں ہر ایک ۱۰ سو کے پیچھے ایک میڈیکل مشنری ہے۔ پر یہاں صرف آٹھ سو پچاس مشنری ہیں جو ہشیار لوگوں میں کام کرتے ہیں۔

ناظرین ان باتوں پر خیال کرو اور اس کی اصلاح کی طرف متوجہ ہو کیونکہ یہ ایک ضروری کام ہے۔

ہمعصر انڈین پریسبٹیرین بابت ماہ اگست ۱۹۳۵ء کلکتہ میں اس کے لکھنے والے نے ایک عجیب قصہ شراب پینے والوں کی نصیحت کے لئے لکھا ہے جس کو ہم اپنے ناظرین نور افشاں کی دلچسپی کے لئے یہاں درج کرتے ہیں کہ ایک عورت تھی جس کا خاوند شراب پینے کا بڑا عادی تھا۔ وہ شراب کے نشے میں ایسا مخمور رہتا تھا کہ اکثر گھر میں نہ آتا تھا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ طوفان چل رہا تھا وہ گھر میں نہ آیا اس کی بیوی اس کی تلاش میں باہر وہ نکل گئی جہاں اس نے دیکھا کہ اسکا خاوند اور شرابیوں کے ساتھ شراب پی رہا ہے۔ وہ چپ چاپ وہاں پہنچی اور اس نے ایک رکابی جو وہ گھر سے ڈھک کر لائی تھی میز پر رکھ دی اور کہا جناب خیال کر کے کہ آپ کھانے کے لئے گھر نہیں آؤ گے میں تمہارے لئے یہاں لے آئی ہوں اور وہ یہ کہہ کر چلی گئی۔ اس کے چلے جانے کے بعد وہ آدمی ہنستا ہوا اٹھا اور دوسرے ساتھیوں سے کہنے لگا آؤ کچھ تناول کرو۔ پر جب ڈھکنا اٹھا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ رکابی بالکل خالی ہے اور اس میں صرف ایک چھوٹا کاغذ کا ٹکڑا ہے جس پر یہ لکھا ہوا ہے جب پیالہ تو نے تھا پیا۔ امید ہے کہ تم خوب کھانا کھاؤ گے یہ ہی کھانا ہے جو تمہارے بچوں اور بیوی نے گھر میں کھایا ہے۔ ہم سچ کہتے ہیں کہ اپنی عادت سے ان کے بال بچے بھی فاقہ کشی کرتے ہیں۔ بہتر ہو کہ آدمی ایسی برباد کرنے والی چیز سے پرہیز کرے اور محنت سے اپنے بال بچوں کی پرورش کرے افسوس کہ ہزارہا خاندان اس شراب خوری کی بدولت برباد ہو گئے ہیں۔

ریویوز

رسالہ بابت تحقیق کہ یسوع مسیح کون ہے؟ یہ چھوٹا سا رسالہ پنج ایف اسمال مین صاحب انچارج مشن یاب ممالک متحدہ کی تصنیف ہے جس کو پادری احمد شاہ صاحب متعلقہ پی مشن ہمیر پور نے اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ اس چھوٹے رسالے میں لائق مصنف نے از روئے قرآن خداوند یسوع مسیح کی بابت نہایت قابلیت اور لیاقت سے ذکر و فکر کیا ہے۔ جو مطالعہ کی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ ہر ایک مسیحی مناد کو اور نیز متلاشیان حق کو اس نایاب رسالے سے محروم نہ رہنا چاہئے۔ یہ رسالہ ۱۰ صفحہ کا ہے اور نارتھ انڈیا کرسچن ٹریکٹ اینڈ بک سوسائٹی الہ آباد سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

ایک شیعہ سوفسٹ کا مسیحی ہو جانا۔ یہ رسالہ حال میں شائع ہوا ہے۔ اس میں ایک شیعہ سوفسٹ صوبہ کے مسیحی ہو جانے کا نہایت ہی دلکش اور حیرت افزا بیان ہے جس کے پڑھنے سے خداوند مسیح کی روحانی قدرت نظر آتی ہے جو دمشق کی راہ میں نظر آئی تھی ہر ایک شخص کو اس قصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ یہ رسالہ ۳۰ صفحہ کا ہے اور کرسچن لٹریچر سوسائٹی الہ آباد سے مل سکتا ہے قیمت ۳ پائی۔ یہ رسالہ اردو اور ہندی زبان میں شائع ہوا ہے۔

مسیحی اور محمدی تعلیم۔ یہ رسالہ رومن اردو میں ریورنڈ پادری سی جے کیپ صاحب متعلق ویسلین میتھوڈسٹ مشنری سوسائٹی بنارس کی تصنیف ہے جس میں لائق مصنف نے مسیحی کارکنوں کی ان ضروریات کو پورا کر دیا ہے جو وقتاً فوقتاً بازاری منادی میں پیش آیا کرتی ہیں۔ اور خاص کر بازاری منادوں کے لئے یہ نہایت ہی مفید ہے۔ فاضل مصنف نے مسیحی کارکنوں کے لئے چند باتیں بھی کی ہیں اور توحید خدا۔ اور پاک نوشتوں نجات اور عاقبت کے بارے میں تعلیمی پہلو پر بحث کر کے عمدہ نتائج اخذ کئے ہیں۔ بہتر ہوگا اگر یہ رسالہ بجائے رومن حروف کے اردو زبان میں تصنیف ہوتا کہ ہمارے مسلمان بھی اس کا کماحقہ مطالعہ کر سکتے۔ یہ رسالہ ۳۰ صفحے کا ہے چھپائی اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا ہے قیمت کی نسبت مصنف سے پتہ لگ سکتا ہے۔



ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز کو جواب

اقول۔ جناب من افسوس کہ باوجود صریح ثبوت کے جو قرآن میں موجود ہے جس کی تعلیم کوٹ کوٹ کر اسلام میں بھری ہوئی ہے پھر اس کو کذب کہا جاتا ہے اور عیسائی مشنری صاحبان پر ناحق کا طعن اتارا جاتا ہے۔ اگر آپ صاف تعلیم کو جو اس کے متعلق قرآن میں موجود ہے نکال ڈالو تب تو کوئی آپ کو قائل نہ کرے لیکن جب آپ کے دین و ایمان کی کتاب صاف اس کا حکم دیتی ہے تو ہمارے عیسائی مشنریوں پر ناحق کا غصہ نکالتے ہو۔ آپ کا بار بار جتانا۔ خلاف تعلیم قرآن ہے۔ جنگ اور قتل کی تعلیم اور تحریک موجود ہے۔ اس میں دوسروں کی غلطی کیا ہے۔ جس کو آپ شرارت کے نام سے ناحق دوسروں کے سر پر تھوپتے ہو۔ ان کا اثر تاقرآن شریف کی بنیاد ہے۔ یہ مجرمانہ اصرار نہیں ہے۔ بلکہ معتقدانہ امر تسلیم شدہ ہے۔ جس کی پکار قرآن میں موجود ہے۔ کسی کا کیا قصور ہے جو دوسروں کو اس کے لئے ناحق دشنام دہی کرتے ہو۔ صاف نظر سے نہیں دیکھتے۔ کہ اس کی تحریک کے بانی خود عملی طور سے اس کا ثبوت دیتے رہے۔ اور قرآن علانیہ پکار رہا ہے۔ وجاهدوا وقاتلوا وغیرہ پھر آپ کا انکار تعصب نہیں تو اور کیا ہے؟ جس کا قصور ہے وہ توبہ کرے۔ پر ناحق بے قصوروں کے ذمہ گناہ لگا کر ان سے توبہ کروانا کیا انصاف ہے؟ توبہ تو اسی تعلیم سے کرنی چاہئے جس میں تعلیم بھرا ہوا ہے۔

قولہ۔ خود اسلام کا لفظ جس کے معنے ہیں اللہ تعالےٰ کے احکام کے آگے گردن ڈال دینا۔ اپنی ہستی کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا الخ

اقول۔ اسلام کے معنے جو ایڈیٹر صاحب نے کئے ہیں وہ نہ لغوی ہیں اور نہ اصطلاحی معلوم کہاں سے یہ معنے نکالے ہیں۔ لفظ اسلام کے جو کہ عربی لفظ ہے معنے سلامتی دائے کے ہیں۔ مگر اسلام میں سلامتی یا امن کا بالکل الٹ ہے۔ اسلام کو اختیار کرتے ہی اسلامی جوش فوراً موجود ہوتا ہے اور طبیعت میں حکومت اور جبر کا اندر ہو جاتا ہے۔ وہ معنے جو ایڈیٹر صاحب نے دئے ہیں۔ یہ بھی تو قرآن کے مطابق اہل ایمان کو ان باتوں کی طرف بلایا کرتے ہیں جیسا کہ ہم پیچھے بہت سی آیات قرآنی سے دکھلا آئے ہیں۔ ہم تو مانتے ہیں کہ جیسا قرآن کا حکم ہے اس کے معتقدین اس کو مانتے ہیں اور جنگ و جدل کو ناکام رکھے ہوئے ہیں۔ اگر چہ فی الحال سرکار گورنمنٹ کے زبردست حکم کے نیچے دبے ہوئے ہیں کی تعمیل نہیں کر سکتے۔ لیکن جہاں جہاں اسلامی سلطنتیں حکومت کی عنان تھامے ہوئے قائم ہیں وہاں جہاد کی تعلیم اور وعظ بھی ہوتے ہیں۔ اور وہاں کے مسلمان اب ان آیتوں کے وسیلے سے خاص کارروائی کرتے ہیں۔ اور یہاں گورنمنٹ انگلشیہ کی ہیبت کے مسلمان اب ان آیات کے معنے دوسری طرح گھڑنے پر مجبور ہو گئے ہیں بات تو صاف ہے۔ پر چھپائی جاتی ہے۔

قولہ۔ بڑی دلیل جو عیسائی مشنری اپنے دعاوی کے ثبوت میں پیش کرتا ہے وہ یہ کہ **قرآن شریف میں ایسی آیات موجود ہیں** جو کفار سے جنگ کرنے کی اجازت دیتی ہیں۔ (وہ نمونہ سے دئے گئے ہیں تاکہ بخوبی واضح ہو جاوے۔ ایڈیٹر)

اقول۔ ہاں صاحب بات تو تمام یہی ہے۔ جس حال میں آپ خود قبول کرتے ہیں۔ کہ ایسی آیتیں قرآن میں موجود ہیں جو جنگ کرنے کی اجازت دیتی ہیں تو بے چارے عیسائی مشنریوں کا کیا قصور قصور تسلیم کا ہے کہ اس قسم کی بہی آیتیں موجود ہیں اور ان کے بجائے دوسری قسم کی بھی تشنی کی آئتیں موجود ہیں اور اس کا معقول جواب دیا جایا کرتا ہے جو مسلمان بالکل نہیں مانتے۔ اس اقبال نے قرآن کی تعلیم کو مشنریوں کی بنیاد میں علانیہ طور سے ظاہر کر دیا ہے تو پھر اس کے لئے عیسائی مشنریوں کو دشنام دہی کرنا کہ ذنب اور دیگر نسبے ناموں سے پکارنا کیا معنے رکھتا ہے۔ ہم زور سے کہتے ہیں کہ اس بڑی دلیل کو آج تک کسی مسلمان نے رد نہیں کیا۔ اور اسلئے دعویٰ قائم رہتا ہے۔

قولہ۔ لیکن ان آیات کا مطالعہ صاف بتلاتا ہے کہ عیسائی واعظ نے قرآن شریف کے متعلق بڑی سخت بے انصافی کا ارتکاب کیا ہے جو ہرگز قابل معافی نہیں ہو سکتا۔ ان آیات میں جو یہ نمود ہاتھ میں لینے کی اجازت دیتی ہیں صاف اور کھلے لفظوں میں وہ وجوہ و دلائل بتائے گئے ہیں۔ کہ جن کی وجہ سے مومنوں کو لڑنے کی اجازت ملی۔

اقول۔ مومنوں اور کافروں کی لڑائی یا دینی جنگ نہیں۔ وجوہ اور کچھ ہو اس کی تو بحث ہی نہیں۔ بحث تو صرف جنگ کی اجازت پر ہے۔ اور اس کو آپ نے تسلیم کر لیا ہے۔ اب اس پر جا بجا صاف اور سیدھا اعتراض یہ ہے کہ خداوند کے معاملے میں جبر نہیں کر سکتا۔ اگر کہ سبب تو سراسر بے انصافی ہے۔ اور اگر ٹھیک ہے تو دوسری تعلیم سراسر غلط ٹھہرے گی۔ جس میں صبر کرنا۔ نرمی کرنا اور صرف تعلیم و تلقین کرنا چاہئے۔ اب باقی رہا یہ معاملہ معافی کا کہ نہیں ہو سکتی یہ آپ کا اختیاری امر ہے۔ حیات مسیحیوں کا اس میں کچھ قصور نہیں تو وہ معافی کے طلبگار کیوں ہوں؟ تلوار ہاتھ میں لینے کی اجازت تو خود آپ اپنی تسلیم اور ایمان سے مان رہے ہیں۔ پھر جھگڑا کس بات کا رہا؟

(باقی آئندہ)

مراسلات

بینات یسوع ناصری

مرقومہ پادری جی ایل ٹھاکرداس

بجواب رسالہ

یسوعؑ ناصری

وزیر چند کی چوتھی الجھن

یسوع ناصری کا جنم دن

وزیر چند صاحب لکھتے ہیں کہ مدت تک عیسائیوں کے درمیان یہ امر دریافت کرنے کی کوشش ہوتی رہی کہ بالا امکان یا اغلباً وہ کونسا خاص دن تھا جبکہ یسوع پیدا ہوا اور مدت بعد زیادہ قیاسوں اور دعوؤں کی بنا پر ایک فریق نے ۶ مئی کا دن یوم پیدائش قرار دیا۔ دوسرے فریق نے ۱۹ یا ۲۰ اپریل اور تیسرے فریق نے ۶ جنوری۔ آخرکار روم کے عیسائی جماعت کی رائے سب پر غالب رہی۔ اور ۲۵ دسمبر یسوع کا جنم دن قرار دیا گیا۔ (ایکسپوزیٹری فادرز جلد ۲ صفحہ ۹۰) ص ۲۳-۲۵

اگرچہ انجیل میں یہ تہوار منانے کا کوئی حکم نہیں اور نہ خاص دن بتلایا گیا ہے۔ اور صرف فرشتوں اور گڈریوں کا خوشی کرنا لکھا گیا ہے مگر کلیسیا میں اس تہوار کا رواج قدیم سے ہے۔ اس لئے وزیر چند صاحب کی اس الجھن کو سلجھانا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

پہلے اس تہوار یعنے کرسمس ڈے کی تواریخی کیفیت سن لینی چاہئے۔ وزیر چند صاحب کے بیان سے اتنا تو ظاہر ہے کہ اس ابتدائی زمانہ میں مسیحی لوگ کسی بات کو بوثوق تحقیق صحیح ماننے نہیں لگ پڑتے تھے۔ گو وہ تاریخ کی بابت ہی کیوں نہ ہو۔ اور واضح ہو کہ رسولوں کے زمانہ میں یہ جنم دن منایا نہیں جاتا تھا اور جیسے دوسری صدی میں بعض لوگوں نے جو جنم دن منانا شروع کیا تھا اس سے ظاہر ہے کہ کل کلیسیا اس پر متفق نہ تھی اس لئے کہ وہ دن جس کو منانے میں راہ صاف نہ تھی بلکہ اس کی مخالفت بھی ہوتی تھی کیونکہ جنم دن منانا یہودیوں میں بت پرستی سمجھا جاتا تھا۔ البتہ یہ بات صاف تھی کہ پہلے زمانہ کے عیسائی جو اکثر یہودیوں میں سے تھے اور جو کہ بڑی عیدوں کے دنوں میں یروشلم میں جمع ہوا کرتے تھے انہوں نے عیسائی ہونے کے بعد بھی دو بڑی عیدوں پر اس شہر میں جمع ہونا قائم رکھا۔ یعنے عید فسح اور عید پنتی کوسٹ۔ اور یہ امر ان کے لئے تسلی کا تھا کہ ان دونوں موقعوں پر وہ ہر سال خداوند کے مصلوب ہونے اور مردوں میں سے زندہ ہونے اور آسمان پر جانے اور پنتی کوسٹ کے دن ان پر روح القدس نازل ہونے کے واقعات کو بڑے جوش کے ساتھ یاد کریں۔ یہ سارے واقعات یہودیوں کی دونوں عیدوں یعنے عید فسح اور عید پنتی کوسٹ کے ایام میں ہوئے تھے۔ اور جو آجکل کے مروجہ تہوار ہیں گڈ فرائیڈے۔ ایسٹر سنڈے۔ اسینشن ڈے۔ اور وٹ سنڈے انہیں سے موجود ہیں۔ یہ چاروں دن نہایت قدیم زمانے سے خاص طور پر منائے جاتے تھے اور انکا کوئی تہوار مقرر کر دیئے گئے تھے جیسے کہ رسولوں کے اختیار سے جاری کئے گئے تھے۔ کلیمنس اسکندریہ کا جو دوسری صدی عیسوی کے آخر میں گذرا اپنی کتاب سٹروماٹا میں سنہ ۱۹۴ء تک کے رومی بادشاہوں کی فہرست دے کر اور یہ بیان کر کے کہ کن بادشاہوں کے کن برسوں میں نجات دہندہ پیدا ہوا۔ بپتسمہ پایا اور مصلوب ہوا۔ یہ بیان کرتا ہے کہ بعض ہیں جو ہمارے نجات دہندہ کا نہ صرف سن ولادت۔ بلکہ یوم ولادت بھی معین کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ وہ ولادت اگسٹس کے اٹھائیسویں برس میں پشان کی ۲۵ تاریخ کو ہوئی تھی۔ اور باسلیدیز کے پیرو اس کے بپتسمہ کا دن بھی ایک تہوار مانتے تھے۔ ساری رات پڑھنے میں صرف کرتے تھے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ طبریس قیصر کے پندرھویں برس توبی کی ۱۵ تاریخ (جنوری ۱۰) کو اس نے بپتسمہ پایا۔ اس سے ظاہر ہے کہ بعض لوگ بھی وقوع یسوع ناصری کے قائل تھے۔ لیکن بعضے کہتے ہیں کہ یہ ۱۱ جنوری مطابق توبی ۱۱ تاریخ کی تھی۔ وہ جو اس کے مصلوب ہونے کا حساب لگاتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ وہ دن طبریس قیصر کے سولہویں برس مارچ ۲۲ (یعنے فامنوث ۲۵) تھا۔ بعضے کہ وہ ۲۵ فرمونتی ۲۰ اپریل اور بعضے کہ ۱۹ اپریل کو نجات دہندہ مصلوب ہوا۔ بلکہ بعضے کہتے ہیں کہ وہ ۲۰ یا ۲۱ اپریل (فرمونتی ۲۴ یا ۲۵) کو پیدا ہوا تھا۔ اس سے ظاہر ہے کہ ان ایام میں کلیسیا یسوع کا کوئی جنم دن نہیں مناتی تھی۔ لیکن جب کنسٹنٹائن بادشاہ کے دنوں میں دین عیسوی اچھی طرح قائم ہو گیا تو خداوند یسوع کی پیدائش کا دن بھی ایک تہوار قرار دیا گیا۔ اور یہ تہوار مشرقی عیسائی فلسطین اور مصر اور ایشیا کے، ۶ جنوری کو قرار دیتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ اسی دن یسوع نے بپتسمہ پایا تھا۔ اور ان دونوں باتوں کے سبب وہ اس دن کو ایپی فنی کہتے تھے۔ یعنے ظہور کا دن۔ لیکن مغربی عیسائی روم وغیرہ کے ۲۵ دسمبر کو ولادت کا دن مناتے تھے۔ جس کو جولیس اول بشپ روم (سنہ ۳۳۷ء تا ۳۵۲ء) نے صحیح دن تحقیق کیا تھا۔ اور چوتھی صدی کے آخر ہونے تک مشرقی کلیسیا نے بھی ۲۵ دسمبر مسیح کا جنم دن قبول کر لیا اور رومی کلیسیا نے ۶ جنوری کو ایپی فنی یعنے مسیح کے بپتسمہ پانے کا دن قبول کیا (تواریخ کلیسیا۔ موشائم۔ چوتھی صدی۔ ترجمہ ڈاکٹر جیمس مرڈاک صاحب) کریسسٹم نے انطاکیہ کی کلیسیا میں ایک وعظ دیا تھا جس میں اس نے مغربی کلیسیا کے کرسمس ڈے کی بابت بڑی تعریف کر کے مشرقی عیسائیوں

کرسمس کی تقریب ہی تھی اس بنا پر کہ دونوں روز سے ہے اور قدیم رواجات پر مبنی ہے۔ اور یوں وہ سابقہ اختلاف دنوں کا جاتا رہا اور ایک دن پر اتفاق ہو گیا تھا۔ (دیکھو ڈکشنری آف کرسچن انٹی کوئٹی۔ دوم حصہ جلد اوّل)۔ ذرہ چند صاحب نے بے فائدہ چند ایک مصنفوں اور دنیا کی اختلافوں کا شور مچایا۔

تیوہار کرسمس زمانے کے جاری کرنے کی غرض۔ ذرہ چند صاحب نے یوں بیان کی ہے۔ کہ ۲۵ دسمبر کو سورج کا جنم دن فرض کر کے تعلیم یافتہ کیا گیا کہ دنیا کی بہت سی قومیں اپنے اپنے دیوی دیوتوں اوتاروں اور بزرگوں کے جنم اتسو منانے کو ہی تیوہار ملاتے صفحہ ۹۳ منائے جیسے کہ مذہبی رسومات اور کنواری کے بیٹے بدھ کا جنم دن۔ پارسیوں میں متھرا کا جنم دن۔ مصریوں کے دیوتا ہورس کا جنم دن۔ یونانیوں کے ہرکولیز کی سالگرہ کا تیوہار۔ باچس (ڈایونسس) اور اڈونس کے جنم دن اور روم میں سٹاٹس سرکس اور دکھی کا تیوہار اسی دن منایا جاتا تھا جس میں بے شمار لوگ شامل ہوا کرتے تھے۔ اور جو عیسائیوں میں ابھی جاری ہے۔ سکینڈے نیویا میں تیوہار یول اور جرمنی کا تھا۔ اور قدیم برٹن میں وڈن وغیرہ اسی دن تیوہار مناتے تھے۔ اور بلکی کو بھی اسی دن سالگرہ کا ایک تیوہار منایا جاتا تھا۔ چونکہ عیسائیوں کو یسوع کی پیدائش کا دن معلوم نہیں تھا انہوں نے اسی دن کو اس کا جنم دن مان لیا۔ صفحہ ۴۲۵

الی آئندہ

پتنگ بازی کا انجام | مورخہ دوم اکتوبر ۱۹۰۹ء بروز

بوقت ۴ بجے کے انگریزی بازار کے پیچھے کے مکانوں کی چھتوں پر ایک کشمیری کا لڑکا جس کی عمر غالباً بارہ تیرہ سال کی ہوگی۔ پتنگ اڑاتے ہوئے دوسری منزل سے گرا اور دیکھتے دیکھتے جان بحق ہوا۔ افسوس ایسی واہیات کھیل پر۔

ویدک شائستگی

۷۔ شولاگو گریہ سوتر میں ڈاکٹر راجندر لال جی نے Sulagava, شولاگو ایک لفظ پایا جس کے معنے انہوں نے گائے کا کباب Spitted Cow یا Roast Beef کئے ہیں (See Indo-Aryans Vol. I. P. 363)۔ گوشت اور شوربا ... کے بعد جانور کا کونسا حصہ کس کو ملنا چاہئے۔ اس کا مفصل بیان کیا گیا ہے یہاں پر اس کے اقتباس کرنے کی گنجائش نہیں۔ (دیکھو ڈاکٹر ہوگ کے ایسی بکس آف برہمن آف دی ویداس صفحہ ۱۰۰)

برہمن تصنیفات سے ایسی ہی شہادت پیش کی جا سکتی ہیں۔ پرانی ہی بس ہیں۔ اب ہم سمرتی شاستر کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور منو سمرتی سے چند شہادتیں پیش کرتے ہیں۔ اہل ہنود کہتے ہیں کہ

Manvartha viparita tu ya smritih sa na shasyate.

یعنی منو کے ارتھ کے خلاف جو سمرتی ہو اس کا حکم نہیں چل سکتا۔ سو منو سمرتی کل سمرتیوں میں افضل ہے۔ منو سمرتی کے تیسرے ادھیائے کے شلوک ۳ میں گرو کل سے واپس آکر برہمچاری کے گرہست آشرم میں داخل ہونے کا بیان ہے۔ اس موقعہ پر برہمچاری کی خاطر تواضع کا یوں بیان ہے۔

Iam pratitam svadharmena brahmadaya haram pituh sragvinam talpa asina marhayet prathamam gava.

کلوک بھٹ کی تفسیر کے مطابق اس کے معنے یوں ہیں اپنے دھرم میں مشہور۔ باپ سے برہمچریہ ... مالا پہنے ہوئے اور پلنگ پر بیٹھے ہوئے اس برہمچاری کو پہلے باپ یا (گرو ہو تو) آچاریہ گو ساتھ مدھو پرک سے پوجا دینے تواضع کرے۔ ۳۔ ۳

ودیا تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے گھر میں واپس آگیا۔ اب شادی بیاہ کر کے گرہستی زندگی میں داخل ہونے والا ہے۔ بہت برسوں کے بعد گھر میں واپس آنا والدین کے لئے خوشی کا موقعہ ہے۔ شادی کا بندوبست اس خوشی کا اور بھی بڑھا رہا ہے۔ اب پلنگ پر بٹھلا اس کے گلے میں مالا پہنا دیا گیا۔ اب اس کی خاطر کے لئے گؤ دیا جاتا ہے۔ شلوک میں لفظ Gava ہے۔ جس کے معنے گئو کے ذبیحہ سے لئے گئے ہیں ہے خاطر کی جانے۔ اب سوچا گؤ سے کس طرح خاطر کی جا سکتی۔ جز کے کل کا استعمال زبان کا ایک قاعدہ ہے۔ سو گئو سے گائے کا دودھ یا دہی یا مکھن مراد ہو سکتی ہے۔ پر دودھ دہی مکھن وغیرہ کے نشان اس شلوک میں الفاظ کی کمی نہیں۔ اگر گئو سے سوچا گؤ دیا جاوے تو پلنگ پر بیٹھے ہوئے لڑکے کے سامنے گائے کو کوئی کر دینا بے معنے معلوم ہوتا ہے۔ کلوک بھٹ نے گو کے معنے گؤ سادی مدھو پرک کیا۔ مدھو پرک پانچ چیزوں کو ملا کر بنانے سے تیار ہوتی۔ گھی۔ شکر (دہی) مدھو یک میں تو دہی اور گھی گائے سے پیدا شدہ دو چیزیں موجود ہی ہیں سو گؤ سادی مدھو پرک لکھا گیا ہے۔ مگر پنجاب کے ایک بنگالی ہندو پنڈت Gava سے گؤ ماس مراد لیتے ہیں۔ منو جی کے زمانے میں کہاں تک گؤ ماس کا استعمال رواج تھا۔ ہم نہیں کہہ سکتے ہیں۔ لہذا ہم گئو سے گؤ ماس کو لازمی نہیں قرار دیتے ہیں۔

(باقی آئندہ)

لوط کا انتخاب

ان دردانگیز کلمات کے سنتے ہی لوط کی بیوی کے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ [illegible] کے طوطے اڑ گئے۔ کچھ دیر تک سکتہ میں رہی۔ پھر دوسری جگہ جا بیٹھی۔ دونوں لڑکیاں بھی ماں کے پاس بیٹھیں [illegible] سکوت [illegible] سے آہ بھرتی تھیں۔

لوط بھی بیوی اور لڑکیوں کو اسی حالت میں چھوڑ کر داماد اور بیٹیوں کے گھروں کو روانہ ہوا۔ چل پڑا لیکن [illegible] اس [illegible] تاریکی سے دل ظلمت کدہ بنا ہوا تھا۔ [illegible] رات میں ایک کونے سے دوسرے میں سے گذر رہا تھا۔ [illegible] کو کسی نے بجلی لگا کر کھینچ لی تھی۔ بدن کی [illegible] سے [illegible] بے [illegible] تھا کبھی حسرت بھرا اس سے سر نیچے تو کبھی خوبصورت تاروں بھرے چمکیلے آسمان کی طرف منہ اٹھا کر [illegible] دل تھا کہ [illegible] سے [illegible] تھے۔ [illegible] زبان [illegible] تھا۔ [illegible] خیالات [illegible] آنے لگے تھے۔ آسمان کی سمت سر اٹھاتا [illegible] سانسوں کا [illegible] دل کی آگ [illegible] کیا۔ [illegible] ہے اگر ایسا ہے تو میں اس تمام [illegible] کے ساتھ کیا کروں گا جہاں [illegible] کیا تھا۔ اب [illegible] سے [illegible] ایک رات کی [illegible] میں کتنا کچھ کر سکتا ہوں۔ ان خیالوں [illegible] میں [illegible] سے [illegible] ہو گیا [illegible] بیٹھے۔ لوط انہیں [illegible] چلا جائیگا کیا میں اس وقت اس کے لئے کچھ نہیں کر سکتا۔ اچھا اچھا لڑکیوں کو [illegible] طلوع آفتاب سے پہلے نکل چلو انہیں [illegible] ایک داماد کا [illegible] سے [illegible] لگا [illegible] آواز [illegible] کون ہے۔ [illegible] میں ہوں لوط۔ آئیے آئیے تشریف لائیے۔ اس اندھیری اور تاریک رات میں آپ کیسے آئے خیر تو ہے۔ ہاں خیر ہے۔ سارے خاندان کو جمع کیا اور ان کو سدوم کی بربادی کی کہانی سنائی لیکن وہ ان کے سامنے مسخرہ سا معلوم ہوئی۔ لڑکی اور داماد [illegible] لگے۔ اچھا بیٹا [illegible] ہم بھی [illegible] دیکھ [illegible] داماد کے [illegible] انہیں [illegible] بے چارہ [illegible] خاطر میں [illegible] گھر کی [illegible] سال [illegible] کی تشویشوں اور فکروں سے [illegible] لڑکیوں اور دامادوں کا [illegible] ہوا۔

لوط ان کی باتوں کو [illegible] دل میں کہتا تھا۔ یہ نوجوان بھلا کسی کے سمجھانے سمجھتے ہیں۔ اگر خدا خود آ کر ان کو [illegible] کبھی نہ مانتے۔ ان کی [illegible] سوجھ بوجھ [illegible] سے [illegible] کر جاتے [illegible] خود [illegible] حکیم اور افلاطون بنے بیٹھے ہیں۔ افسوس میری لڑکیوں نے بھی انہیں کی [illegible] میں نے [illegible] سے [illegible] کوشش سے بتایا۔ [illegible] نہ مانی۔ [illegible] سے [illegible] ہو گیا۔ خیر اس امر کا فیصلہ جیسا کچھ ہونا تھا ہو گیا۔ اب [illegible] کی [illegible] جلدی جلدی گھر کی طرف قدم اٹھا [illegible] گر گیا۔ ہائے لوط۔ بے چارہ لوط۔ [illegible] گھر پہنچا۔ جہاں پہلے ہی [illegible] سب حیران و پریشان تھے [illegible] دوسرے [illegible] رات بہت گذر گئی تھی۔ وہ ذرا آرام کے لئے چارپائی پر لیٹا آنکھ بند کرتے ہی غشی سی طاری ہوئی اور بے ہوشی میں آنکھ لگ گئی۔

(باقی آئندہ)

مٹی تو مجھ سے کھودی نہیں جاتی
اور
بھیک مانگنے سے شرم آتی ہے

اگر تم نے اس مالک کی [illegible] ہے پہلے [illegible] نہیں [illegible] کے کام [illegible] ہے [illegible] اور وقت ہاتھ سے [illegible] پھر ہاتھ آنا مشکل ہے۔ [illegible] کی بابت ایک خوشخبری سنی گئی کہ [illegible] آر پی مشن نے [illegible] کی جگہ [illegible] سے [illegible] لیا اور [illegible] اس دنیا میں ہی [illegible] ہیں۔ خبردار روح القدس کی قوت اور طاقت پانے کے بغیر کہیں نہ جانا خواہ وہ کام دنیاوی ہو یا دینی دعاؤں اور روزوں سے تیاری کرنا ضروریات ہے۔ ورنہ اس مالک کا کار زندہ ہونے میں ناکامیاب ہو گے۔ خدا کا شکر ہو کہ [illegible] نے روح القدس کی ہدایت مان لی تھی۔ سو اے ناظرین [illegible] روح القدس کے لئے دعائیں مانگنے سے [illegible] تاکہ ہماری کمزوریاں دور ہوں اور [illegible] زندگی کی قوت [illegible] ہمارے دینی اور دنیاوی کام کو بابرکت کرے اور سب کام بابرکت ہوں۔ [illegible] مالک کا کام [illegible] پائے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین

میر عالم

ہوشیارپور میں ایک شادی

ہوشیارپور کے چھوٹے سے شہر میں ۲۹ ستمبر کو ایک بڑا عجیب نظارہ تھا۔ یہ دن نہایت خوشی کا دن تھا کیونکہ اس دن مس ڈورا چیٹرجی جناب پادری چیٹرجی صاحب ڈی۔ڈی مشنری ہوشیارپور کی سب سے چھوٹی بیٹی کی شادی ایبٹ آباد کے مسٹر منگت رام کے ساتھ مشن کے چرچ میں ہوئی جو پھولوں اور جھنڈیوں سے سجایا گیا نہایت عمدہ معلوم ہوتا تھا۔ اس تقریب پر یہ سجاوٹ مسز پرسٹر اور دوسرے دوستوں کی طرف سے کی گئی تھی۔

شادی کی رسم جناب بزرگ پادری چیٹرجی صاحب اور پادری گولک ناتھ صاحب نے انجام دی۔ اس تقریب پر دلہن کی پوشاک فاخرہ سفید رنگ کی تھی اور انگریزی لیس کی قطار سے ستاروں سے بھری ہوئی تھی۔ اور جوڑوں سب لیس سے بنی ہوئی تھی۔ اور معمولی دلہن کی جگہ وہ سفید ٹرائی ٹوپیاں جن کے سب ہی پر دیسی کام تھا اوڑھے ہوئے تھیں۔ اور اس رسم کے پورا ہونے کے بعد ڈاکٹر صاحب اور مسز چیٹرجی نے حاضرین کی دعوت کی اور ایک بڑے شامیانہ میں سب کو خیر مقدم کیا جو اس مطلب کے لئے پہلے لگایا گیا تھا جہاں سب مہمانوں کی خاطر تواضع کی گئی۔ اور یہ سب سامان حسب منشا مسٹر کیمبل ڈپٹی کمشنر صاحب کے مہیا کیا گیا تھا۔ جنہوں نے چند الفاظ میں اپنی خوشی کا اظہار کیا تھا۔

دلہن کی با چھا نے کی پوشاک کا رنگ خلاف کی تھی جو نیلے رنگ کا تھا جس کے ساتھ دلہن نے سنہری دوپٹہ اوڑھا ہوا تھا جس پر ہونے کے چھوٹے چھوٹے ستارے تھے۔

مسٹر اور مسز منگت رام نے مہمانوں کے بیچ میں سے چلان کی طرف کچھ پھونک رہے تھے۔ ایبٹ آباد کو روانہ ہوئے۔ جس کے رستے میں وہ مقام تشنہ بانی میں چند روز گزاریں گے۔

اس موقعہ پر تحائف اور تحفہ بہت دیئے گئے جن کی فہرست ذیل میں ہے۔

